# شکاگو دفتر برائے محنت کے معیارات

# اقل اجرت

شکاگو کا اقل اجرت کا آرڈیننس سٹی کی جغرافیائی حدود کے اندر کام کرنے والے ملازمین کے لیے اقل اجرت طے کرتا ہو۔ اقل اجرت ہر سال 1 جولائی کو بڑھے گی اور جولائی 2022 میں $15.00 پہنچنے کے بعد سے افراط زر کے مدنظر اسے ایڈجسٹ کیا گیا ہے۔

## $ اقل اجرت

**شکاگو میں اقل اجرت طے کرتا ہے (MCC 6-105)**

| 1 جولائی 2025 مؤثر تاریخ | **معیاری آجر**<br>4 یا زائد ملازمین | **نوجوان کارکنان** | **نذرانہ والے کارکنان** | |
|---|---|---|---|---|
| | | | **معیاری آجر** | **نوجوان** |
| **اقل اجرت** | $16.60 | $16.50 | $12.62 | $12.54 |
| **اوور ٹائم کی اقل اجرت** | $24.90 | $24.75 | $20.92 | $20.79 |

**تمام گھریلو کارکنان کو کم از کم $16.60 اقل اجرت موصول ہونی چاہیے۔**
اگر نذرانہ والی اجرت پلس نذرانے اقل اجرت کے برابر نہیں ہوتے ہیں تو، آجر کو فرق کی تلافی کرنی چاہیے۔

## شکاگو کا نذرانہ والی اجارت کا کریڈٹ

1 جولائی 2024 سے، شکاگو اپنے نذرانہ والی اجرت کے کریڈٹ سے 5 سالہ مرحلہ شروع کرے گا۔ نذرانہ والی اجرت کا کریڈٹ 30 جون 2024 تک شکاگو کی پوری اقل اجرت کا 40% ہے۔ *اگر نذرانہ والی اجرت پلس نذرانے اقل اجرت کے برابر نہیں ہوتے ہیں تو، آجر کو فرق کی تلافی کرنی چاہیے۔*

نذرانہ والی اجرت کا کریڈٹ مرحلہ وار

- 1 جولائی 2024، نذرانہ والی اجرت کا کریڈٹ گھٹا کر شکاگو کی اقل اجرت کا 32% کر دیا جائے گا۔
- 1 جولائی 2025، نذرانہ والی اجرت کا کریڈٹ گھٹا کر شکاگو کی اقل اجرت کا 24% کر دیا جائے گا۔
- 1 جولائی 2026، نذرانہ والی اجرت کا کریڈٹ گھٹا کر شکاگو کی اقل اجرت کا 16% کر دیا جائے گا۔
- 1 جولائی 2027، نذرانہ والی اجرت کا کریڈٹ گھٹا کر شکاگو کی اقل اجرت کا 8% کر دیا جائے گا۔
- 1 جولائی 2028، نذرانہ والی کوئی اجرت موجود نہیں ہوگی، نذرانہ والے کارکنان شکاگو کی اقل اجرت کا پورا حصہ پائیں گے۔

### کون محیط ہے؟

شکاگو کے آرڈیننسز شکاگو کے جغرافیائی حدود میں کام کرنے والے ملازمین کا، ان کے ترک وطن کی حیثیت، اور ان کے آجر کے مقام سے قطع نظر، احاطہ کرتے ہیں۔ اگر آپ کی شکایت یا مخصوص صورتحال OLS کی عملداری کے تحت نہیں آتی ہے تو، ہم اعانت کے لیے آپ کو مناسب ایجنسی کے پاس ریفر کریں گے۔

### انتقامی کارروائی مخالف

کسی بھی آجر کے لیے شکاگو کے محنت قوانین کے تحت کوئی حق بروئے کار لانے لیے کسی فرد کے خلاف انتقامی کارروائی کرنا یا کوئی ناموافق اقدام کرنا غیر قانونی ہے۔ اس کا اطلاق قانون کے کسی التزام، یا اس کے تحت مشتہر کسی قانون کے بارے میں انکشاف، اس کی رپورٹ یا اس کی تفتیش کرنے والے کسی بھی شخص پر ہوتا ہے۔

### ہم کیا کرتے ہیں

- شکایات کی تفتیش
- کارکنان کو آؤٹ ریچ اور تعلیم فراہم کرنا
- آجروں کو آؤٹ ریچ اور تعلیم فراہم کرنا
- وسائل اور حوالے
- **تمام خدمات مفت ہیں**

Office of Labor Standards
2350 West Ogden Avenue, 2nd Floor
Chicago, Illinois 60608
Chicago.gov/LaborStandards

رابطہ کریں:
bacplaborstandards@cityofchicago.org
(312) 744 - 2211
ہر محنت قانون کے لیے معلومات تلاش کرنے کے لیے QR کوڈ اسکین کریں:

BACP
Business Affairs and Consumer Protection

# شکاگو دفتر برائے محنت کے معیارات

# اقل اجرت

## تعریفات

- **محیط ملازم -** کوئی ملازم، جو کسی بھی دو ہفتے کی مدت میں، سٹی کے جغرافیائی حدود کن اندر جسمانی لحاظ سے موود رہتے ہوئے کسی آجر کے لیے کم از کم دو (2) گھنٹے کا کام انجام دیتا ہے۔
- **آجر -** کوئی بھی ایسے افراد ہیں جو منافع بخش طور پر کم از کم ایک ملازم کو بحال کرتے ہیں۔

## شکاگو کی اقل اجرت کی سرگزشت

| سال | بڑا ملازم | چھوٹا ملازم | نوجوان | نذرانہ والا بڑا ملازم | نذرانہ والا چھوٹا ملازم | نذرانہ والا نوجوان |
|---|---|---|---|---|---|---|
| 2020 | $14 | $13.50 | $10 | $8.40 | $8.10 | $6 |
| 2021 | $15 | $14.00 | $11.00 | $9 | $8.40 | $6.60 |
| 2022 | $15.40 | $14.50 | $12.00 | $9.24 | $8.70 | $7.20 |
| 2023 | $15.80 | $15.00 | $13.50 | $9.48 | $9.00 | $8.10 |
| 1 جولائی 2024 سے، بڑے اور چھوٹے آجر میں اب کوئی تفریق نہیں ہے۔ | | | | | | |
| 2024 | $16.20 | NA | $15.00 | $11.02 | NA | $10.20 |


BACP
Business Affairs and Consumer Protection

Office of Labor Standards
2350 West Ogden Avenue, 2nd Floor
Chicago, Illinois 60608
Chicago.gov/LaborStandards

رابطہ کریں:
bacplaborstandards@cityofchicago.org
(312) 744 - 2211
ہر محنت قانون کے لیے معلومات تلاش کرنے کے لیے QR کوڈ اسکین کریں: